سوال

(845)فرض نماز کےلیے نمازِتراویح کی جماعت میں شامل ہوں یااکیلے پڑھ لیں؟

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

تراویح کی جماعت ہوتے ہوئے کوئی شخص فرض نماز تنہا پڑھ سکتا ہے یاجماعت میں شریک ہونے کا پابند ہوگا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ایسی صورت میں جماعت میں شریک ہوکر جماعت کے اجروثواب کو پالے گا۔ ان شاء ا   اور تنہا پڑھنے کی صورت میں فرض ادا ہوجائے گا۔ اگرچہ جماعت کے اجر سے محروم ہے۔

حدیث میں ہے:

’صَلَاةُ الجَمَاعَةِ أَفضَلُ مِن صَلَاةِ الفَذِّ بِسَبعٍ وَعِشرِینَ دَرَجَةً‘ (متفق علیه) صحیح مسلم، بَابُ فَضلِ صَلَاةِ الجَمَاعَةِ، وَبَیَانِ التَّشدِیدِ...الخ، رقم:٦٥٠)

یعنی اکیلے کی نسبت باجماعت نماز کا درجہ ستائیس گنا زیادہ ہے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ:صفحہ:725

محدث فتویٰ